جلد اوّل

مختار اشعار

دیوان

فخر الشعرا میر نظام الدین ممنون دہلوی

جسے

عالیجناب نوّاب عماد الملک بہادر مولوی سید حسین صاحب بلگرامی نے منتخب

اور

مدراس سکول بکز اینڈ لٹریچر سوسائٹی نے مشتہر کیا

در مطبع مفید عام آگرہ باہتمام محمد قادر علیخان صوفی طبع شد

۱۸۹۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے صفت و ذات مین — تجھکو ظہور و خفا
دیکھہ کے نور جمال — سوچ کے کنہ کمال
باز ہو گر راہِ دید — تو ہے ہر اک ہویدید
عاشق و ہمخانگی — عاقل و بیگانگی
خاطر و شوق وصال † — دیدہ و دید جمال
موسی دل رہ خموش — دل ہی مین کہہ دل کی جوش
دشت خودی پر فتن — غول ہوا راہزن
پاے خرد آبلہ — سعی بلا راحلہ
عرصہ سراسر خطر — ہر قدم و نشتر

چشمِ سر و چشمِ سِر — حسن پہ تیرے فدا
مائل حیرت نظر — قائل حسرت ذکا
آئینہ خانہ جہان — حسن ترا جلوہ زا
عقل برونِ درو — عشق درونِ سرا
صحبت سیماب و نار — الفتِ برق و گیا
اوسکے جھگڑے سے ہوش — کسکے رہے ہین بجا
خضرِ زخود رفتگی — تا بحرم رہنما
عرصہ گہِ معرفت — بے سر و بے انتہا
شوق و جنون تیز رو — عقل و فنون خستہ پا

† یعنی خاطر و شوق وصال صحبت سیماب و نار دیدہ و دید جمال الفت برق و گیاہ ۱۲

خون ہین طپان سو بسو — جان دو صد آرزو
ترس مناجاتیان — ناز خراباتیان
اوس در تنزیہ پر — خون ہو وقتِ گزر
اوس در ایوان تلک — اوس سرِ دامان تلک
شکل و نتیجہ ہے ہیچ — ذکرِ علل پیچ پیچ
واہ رے تصویرِ جم — صنع کیے قسم قسم
چشم بہین آب و تاب — کیا ہے بجز قطرہ آب
سینہ ہے صندوقِ راز — نطق کرے قفل باز
واقفِ اسرار تو — کاشفِ استار تو
ایک سا تجہ پر عیان — حال سکوت و بیان

ہر طرف اس دشت مین — معرکۂ کربلا
کرکے گمانِ غضب — رکہہ کے یقینِ عطا
جان چکون وچیان — زہرۂ چون و چرا
پاے قیاسات لنگ — دستِ حجج نارسا
منطقیِ ہرزہ گو — فلسفیِ ژاژ خا
جسم مین جان جان مین عشق — عشق مین تجہسے صفا
تس مین حقایق شناس — دی ہے نگاہِ رسا
ایک ہے گنجِ ہنر — ایک خزاین کشا
کیا تری درگاہ مین — حاجتِ عرض و دعا
لیک مجہے عرض ہے — آپ ہے آنا مزا

[illegible] ۱۲

یہ جو ہے ممنون ترا — بندۂ دل خون ترا
تجہسے ہی جا ہے تجہے — کس سے کرے التجا

بلند طبع ہون محوِ حیرتِ سلطانی
نہین لباس کے وابستہ جو ہین گرم نفس
بقدرِ نیم تبسم ہے فرصتِ عشرت
تمام مایۂ عمرِ عزیز صد افسوس
نہ بدرقہ ہے نہ توشہ نہ راحلہ نہ زاد

برہنگیِ سرِ خور پر ہے تاجِ نورانی
کہ بس ہے جامۂ رنگینِ شعلہ عریانی
رہے نہ خندۂ گل سے جدا پریشانی
ہوا ہے مفت ہی مین دستبردِ نادانی
رہ تہی ہے مہا اور بے سری و سامانی

† یعنی ترس مناجاتیان کرکے گمان غضب ناز خراباتیان رکہہ کے یقین عطا ۱۲ ‡ یعنی پاے قیاسات لنگ اوس در ایوان تلک دستِ حجج نارسا اوس سرِ دامان تلک ۱۲ ✱ آفتاب کا سر برہنہ ہونا اور شعلہ کا عریان ہونا شعرا مین مشہور ہے ۱۲

بزم عالم مین عجب نشو و نما کا ہے عمل
ریشہ دوڑائے ہے مجمر مین بہی چوب † صندل

فرش گل پر یہ صفا ہے کہ گزرنا مشکل
گاہ جاتا ہے پہسل پاے صبا گاہ سنبہل

کار رنگینی موسم کا کہانتک ہے عروج
کہ خیابان فلک مین گل سوسن ہے زحل

بوسہ کو شاخ ثمر دار جہکی پڑتی ہے ‡
رنگ ان روزون مین کچہہ گل کا یہ آیا ہی نکل

غنچہ بہی شاخ کے پہنچے پہ ہے لعلین تعویذ
یعنی اشجار نے پہولونکی گلے مین ہیکل

آگ ‡ یون چمکے ہے جیسے پس مینا ہو چراغ
کی ہر اک سنگ پہ یہ لطف ہوا نے صیقل

جاے جسطرح جہلک ظرف بلورین سے آب
یون چلا * شیشہ ہر اک سنگ سے صحرا مین اوبل

خاک مین خصم گران جان نہ تیرا کیون گڑجاے
شتے وہ ہو مائل پستی کہ جو ہووے بوجہل

صورت سہی تہی ازبسکہ کئے گردون نے
دامن روز مین زنگولہ اختر اوجہل

ولہ

شب مین بیدار سر شام سے تہا صبح تلک
اشک پر شور سے بہر دیدۂ گریا نین نمک

اسی عالم مین ہوا اختر دولت کا طلوع
یعنی وہ ماہ کہ ہو جس سے خجل مہر فلک

آتش رنگ حنا کا مگر اوٹہا تہا دود
آئی تہی ساق سے بہی زلف سیہ فام ڈہلک

صبح مین جیسے کہ ہو عقد ثریا کا ظہور
سلک گوہر کے بنا گوش سمن گون مین لٹک

رخ گلرنگ پہ وہ پرتو آویزۂ سبز
تہا کنارے پہ رہا باغ کے سبزہ سا لہک

وہ صراحی گلو یا کہ بلورین فانوس
کہ نظر شعلہ آواز کی آتی تہی بہڑک

اللہ اللہ نزاکت کہ کمر پر اوسکی
کہین بلجاے جو چوٹی دہین آجاے لچک

لعل گون ڈانگ سا الماس کی ایڑی کے تلے
پشت پا سے نظر آتا تہا پڑا رنگ کفک

† یعنی بخور کے لئے جو انگیٹھی مین صندل ڈالا جاتا ہے وہ اثر بہار سے اوسمین نشو و نما کرتا ہے ۱۲ ‡ یعنی پتہر کے اندر جو آگ ہے ۱۲ * یعنی پتہر کو پگہلا کر شیشہ بناتے ہین لیکن اثر تلطیف ہوا سے بے پگہلائے ہوئے اوسمین سے شیشہ اوبل رہا ہے ۱۲

قامت اوسکا یہ قیامت کہ جو شورِ محشر
نشۂ بادہ مین یون وہ قد موزون جھومے
جلوہ پرداز ہوی ناز سے بالین پہ مرے
غنچہ سان ہو تبسم یہ کہا مجھہ سے کہ چل
صورتِ بوے گل اب کیجیے گلگشت چمن
ایسی رنگین غزل اب وصف بہارین کہہ
سنتے ہی اُس سے کہی طرفہ بہاریہ غزل
فیض اردی سے ہوی سبز زمین تا بہ فلک
جوہری بادِ بہاری مین یہ سیرابی ہے
نغمہ جون تنگ دہانونکا کرے دل کو وا
عطردان غنچونکے بادِ سحری نے کھولے
سُنکے وہ رشکِ چمن غنچہ نرگس کیطرح
یہ مضامین یہ الفاظ یہ تالیف یہ نظم
پر یہ پوچھون ہون کہ کسواسطے اے فخرِ سخن
کون وہ یعنی محمدؐ کہ در اوس کے کی خاک
یا علیؑ کہہ کے وہ آغوش مین لیوے اوسکو
خسروا بادشہا بندہ نوازا حق نے
ہے تری ذیل محبت کا وسیلہ مجھکو
کوئی میرا نہین اِلّا کہ محبت تیری

آگے آجاے تو دے مارے کہ ٹھوکر وہ جھڑک
باد سے آئی ہے جس رنگ سے گلبن مین لچک
دیکھہ اوس حسن کے شعلہ کو گئی آنکھہ جھپک
جون نسیم سحری سیر کنان باغ تلک
نگہت غنچہ صفت بند رہے گا کب تک
سُنکے ہو غنچہ صفت جسکو شگفتہ ہر یک
آفرین سنج ہوا سُنکے جسے ہر زیرک
تخم گل سے ہے غلط دانہ تسبیح ملک
جاے ہے ساغ تصویر سے بھی بادہ چھلک
دل شگفتہ کرے یون باغ مین غنچونکی چٹک
سب چمن حجلۂ شاہد صفت اوٹھا ہی مہک
ہو کے یون کہنے لگی ناز سے گرم چشمک
گوش زد گوش زمانے کے نہین آج تلک
نہین کہتا ہے تو اب نعتِ شہِ انس و ملک
واسطے عرشِ معلی کے ہے زیب تارک
عہد مین اوسکے جو دین شیشہ کو پتھر پہ پٹک
فرض کی تیری اطاعت نے انسان و ملک
ہاتھہ میرا نہین جاتا کسی دامان تلک
دمبدم شعر یہ طاہر کا ہون لاتا لب تک

ہر کسے را بکسی دست توسّل محکم
لیس واللہ سوے حب کے لیے مستمسک

ولہ

جود و جرات کا ترے کچھ نہ بیان ہو مطلق
مہر سا ہے جہانگیر ترا تیغ و طبق

ضربت تیغ سے لرزے ہی ترے کوہ کا دل
ہووے ہیبت سے ترے رنگ رخ گردون فق

قصر شوکت مین ترے جبکہ ہو در کار بساط
اطلس سبز کو لاوے فلک استبرق

یون عدو خشک ہے میدان مین تری ہیبت سے
جسطرح عرصہ شطرنج مین ہووے بیدق

شاہد فتح کی انگشت کہ تیرا ہے خدنگ
خون اعدا سے وہ باندھے ہی ہمیشہ فندق

منصب افزا ہے شہا تو ہی ترے در پر آ
فلک دہر ہوا صاحب کوس و بیرق

حق نے تجھکو ہے کیا نفس پیمبر شاہا
جون نبی عصمت ذاتی ہے تجھی بہی الحق

نفس معصوم کا بے شبہہ کہ ہووے معصوم
اس سخن کا وہی منکر ہے کہ جو ہو احمق

حبذا احمد مرسل کہ وصی اوس کا تو
وہ رسالت کی سزا تو ہے امامت کا احق

قدر عالی سے ترے قدر کسیکی نہ شبیہ
جیسے قرآن مین نہو لفظ کسیکا ملحق

ولہ

کئے ہین جعفری و گل سے جو قبول عکوس
ہر ایک برگ ہے سوسن کا شہپر طاؤس

بجز بہار نہ دیکھا زمین سے تا تہ آب
کیا نگاہ کو بر سے جو بحر تک جاسوس

حضیض و اوج جہانتک ہے سو بہار انگیز
زمین پہ بوقلمون گل فلک پہ اونکے عکوس

ہزار رنگ کے جلوہ بغل مین رکہتی ہے
الٰہی صبح چمن ہے کہ بیضہ طاؤس

چمن ہے محفل بستان کہ غنچہ و گل سے
بنے عقیقی اکواب و لعل رنگ کئوس

پڑا چراغ سا چمکے ہے عکس چہرہ گل
حباب آب ہے گویا بلور کے فانوس

حلی و حلہ گل و سبزہ سے رکھے ہی تمام — مگر نسیم ہے مشاطہ چمن ہے عروس

نہین ہے دعوی خشکی بجا کہ رنگین تر — قمیص گل سے ہے زاہد کا خرقۂ سالوس

کہلے ہے شاخ پہ جون غنچہ انبساط ہوا — گرے ہے واکراہ ابروے فقیہ عبوس

شہ بہار کی آمد ہے کس تجمّل سے — علم صنوبر و دف گل ہر ایک غنچہ کوس

صبا کو باغ مین فیض پیمبری پہنچا — کہ اوس سے ہوتے ہین ہر ڈہب کے معجزے محسوس

کیا ہے لطف سے احیاے مردگان چمن — کہ اوسکے دم سے ہی اعجاز عیسوی مانوس

دکہا رہی ہے ہر اک شاخ گل ید بیضا — نہ ایک شمس گلون سے ہوی پدید شموس

شگفتگی سمن ہے دلیل شق قمر — اگر یہ معجزہ روشن نہ مانیئے افسوس

جو بوستان محمدؐ کا ہے بنات حسن — دم صبا ہے مگر اوسکے لطف سے مانوس

امام سرو عملن شاہ دین جناب حسنؑ — امید بخش زمن دفع ساز حسرت و بوس

زہے جناب مقدس کہ پاک ہے وہ ذات — ہر ایک نقص سے جون ذات طاہر قدوس

خدا گواہ کہ دید اوسکی ہے خدا کی دید — کہ مثل ذات علیؑ ذات حق مین ہی محسوس

شہ سریر امامت کہ ہر گدا جس کا — براے پا نہ کرے کفش تاج کیکاوس

پناہ شرع ہے تو عہد مین تیرے شاہا — مصون ہے کشور اسلام و ملک دین محروس

یہ پاس نہی ہے تیرا کہ بادہ خواہ کے ہونٹھ — کرین اگر لب بنت العنب پہ نیت بوس

صدا اوٹھے لب مینا سے دور اے مردود — سنے یہی دہن جام سے کہ ہٹ منحوس

جو آج جرعہ کش ساغر محبت ہین — گل اونکے ہونٹھ ہین اور سلسبیل کے ہین کئوس

براے عرض ترے در پہ قبلۂ حاجات — بصد امید ہون آیا نہ پہیر نا مایوس

بغیر تیرہ دلی کچھ نہین حصول شہا — زمین ہند مین اب زیر گنبد منحوس

یہ التماس ہے تجھ سے کہ ہو مطاف مرا
مدینہ و نجف و کربلا و روضہ طوس

بقاع ہفت فلک اپنے زیر پا سمجھون
بقیع مین تری مرقد کا گر کرون پابوس

زہے وہ روضۂ عالی کہ خاک در پہ وہان
رہے سر اون کا جو ہین عرشیون مین راس رئوس

جو ہاتھ خاک نشینی لگے ترے در کی
تو کیا ہے سلطنت روم و پادشاہی روس

ہزار نعمت الوان و خوان دھر مین ہیچ
ملے جو مطبخ عالی سے ایک مشت سبوس

ولہ

ہمیشہ مجمر گردون کو ہے نگونساری
کہ سینہ ہی خرمن طاقت پہ ہو شرر باری

زمانہ سر بسر اک بزم آتشین اور مین
تہی ثبات سے صبر و شکیب سے عاری

بجز نمک نہ ملا خوان آسمان سے مجھے
سو وہ تمام ہوا صرف سینہ افگاری

بقدر مرہم زخم جگر ندے زنگار
حصول کیا جو ہوا نام چرخ زنگاری

سپاہ حسرت و حرمان جہان آئے یون مجھپر
فغان کو طبل دیا آہ کو علمداری

سن اے سپہر کہ کچھ انفعال لازم ہے
کہ خود خراب ہو جا ہے کیسی جو خواری

تری بساط مین اعلیٰ جو سب سے ہی خورشید
کہ خیل خیل کواکب پہ جسکو سرداری

تمام روے زمین کے پھرا ہے گرد بگرد
ملا ہے گردۂ نان اک اوسے باین خواری

کرم نگاہ کر اپنا کہ ایک سیمین قرص
کہین ملا مہ کامل کو بعد دشواری

پھرا کے منزل منزل اوسے یہ کاہش دی
کہ رہ گیا کف خالی لئے بناچاری

فروغ بخش ہین جو آج جاہ و عزت کے
سلوک اونسے ہین یہ کچھ نہ ہے سیہ کاری

زمینیونکو ہے تیرے کرم سے کیا امید
کسیکو تجھسے غلط ہے توقع یاری

تمام اہل چمن مین جو سربلند ہے سرو
ملا یہ خلعت اوسے باوجود سرداری

که ایک جامهٔ کوتاه تا بساق جو تھا
اوسی مین عمر سب آخر ہوی بنا جاری

گره مین غنچه کے یکمشت زر ہیں از یکسال
بندہی جو تند ہوا کو سکھاے طراری

نہین شفق ترے دامن په جا بجا ظالم
نشان ہین مرے خونکی چھپی نه خونخواری

کشان کشان تجھے لاؤن گا روبرو اوسکے
که ناتوان کی سدا جو کرے مددگاری

مه سپہر امامت چراغ بزم رسول
تمام لمعهٔ انوار حضرت باری

ترا اشاره خداوند امر و نہی ہے یہان
کرے ستاره غلامی فلک پرستاری

ولہ

معقد اپنا ہے کام شکل طرهٔ یار
مثال شانه اگین کف سے گر ہزار انگشت

نه تو ہون شاه نه شاہد که شوق خاتم ہو
سدا ہے لب افسوس سے دو چار انگشت

وه دل شکسته ہون اپنی جو آپ پوچھون اشک
تو ریزه ریزه مینا سے ہو فگار انگشت

وه تفته جان ہون که جون شمع بعد قطع گلو
بلند شعله رگون سے ہو پانچ چار انگشت

کرونگا دست تظلم بلند اوسکے حضور
که حق نے جسکی بنائی کلید کار انگشت

نبیره اوس شه دین کا که جس نے خاتم سے
دم رکوع تھی کی سپئے نثار انگشت

دیا نه جس نے اوسے یہان براے بیعت ہاتھ
رکھے گا لب سے دم حشر وه دو چار انگشت

کف نوال ہے وه اک محیط گوہر خیز
ہر ایک موج ہے اوسکی گہر نثار انگشت

جو اوسکے عہد شریعت مین ساز کو چھیڑے
تو باندہ لے دہن مطرب کی تار تار انگشت

ہوس سے دیکھے اگر دخت رز کو تو مینا
اوٹھاے جانب چشم پیاله خوار انگشت

اجل تھی ڈھونڈھتی طعمه سو تیر نے اوسکے
دراز کی لبوے خصم کین شعار انگشت

زبسکه شکل تاسف ہے عہد مین تیرے
دہن په لائین نه اطفال شیرخوار انگشت

علم ہے دین کا اوس ہاتھہ مین زیارت جو
پڑے ہے اوٹھا کے ترے جانب مزار انگشت

نہین عدو کے ترے گور پر ہے روشن شمع
نکالی خاک سے جلکر بزینہار انگشت

ترے ہے دست تصرف مین خامۂ تقدیر
قلم پہ جیسے کہ رکھتی ہے اختیار انگشت

فلک پہ سر ترے ایما پہ خوش عنان جون آب
اودہر ہی پہیرے کہ جدہر پہیر دے سوار انگشت

بیک اشارۂ ہزیمت وہ عدو ہو تو
کہ ہاتھہ مین ہے ترے جای ذوالفقار انگشت

قلم سے کب تری تمکین کا ہو تحمل وصف
اوٹھا سکے ہے بہلا کیونکہ کوہسار انگشت

بیان اپنی عقیدت کا اب مین کرتا ہون
کہون اوٹھا کے شہادت کی بار بار انگشت

خدا و چاردہ معصوم گن کہ پنجہ مین
نشان ہین پانزدہ رکھتی ہے شمار انگشت

ولہ

گل گونہ گونہ اب ہین پدیدار سنگ سے
قالین کا فرش رکھتے ہین کہسار سنگ سے

آئینہ سنگ سے تہے کہین پہنچا جو اوس پہ آب
سبزہ نہین و میدہ ہے زنگار سنگ سے

جون آبگون زجاج مین جہلکے شراب سرخ
ہے آتش نہفتہ نمودار سنگ سے

پنہان جو شیشے سے تہے سودہ انگور کی شال
پرمی نکال لی ہے قدح خوار سنگ سے

گل کی رگین نہین ہین خطوط نگاہ سے
نرگس اوگی ہے طالب دیدار سنگ سے

شوق لقاے قرہ عین رسول ہین
کیا کہل رہے ہین دیدۂ بیدار سنگ سے

اوس نوبہار عدل سے باغ زمانہ مین
نے گل کو نے ثمر کو ہے آزار سنگ سے

تو وہ ہے ترے جد کی نبوت پہ خسروا
آواز تہی درخت سے اقرار سنگ سے

ذکر خفی گواہ ہے دست صحابہ مین
کی خلق اوس نے قوت گفتار سنگ سے

تیرے پدر کی اور امامت پہ بیگمان
کعبہ مین تہی صدا دم تکرار سنگ سے

محفوظ مرے شیشۂ عزت کو رکھہ سدا	اے یادگار حیدرؑ کرار سنگ سے
منظور منقبت تہا ترا ورنہ بیان سے مجہے	گوھر سے مدعا ہے نہ کچہہ کار سنگ سے
دامان و آستین قلم و صفحہ کے بہرے	کیا کیا نکال گوھر شہوار سنگ سے
پژمردہ شعر غیر کجا یہ سخن کہان	آخر گہر کو فرق ہے مردار سنگ سے

وله

کشادہ کسکی کرے چرخ کین شعار گرہ	کہ خود نجوم سے رکہتا ہے صد ہزار گرہ
کسیکا دم جو گھٹے اس سے انبساط ہو کیا	کہ ایک دود کی خود ہے یہ تیرہ کار گرہ
عدو سے ہے صاف دلون کا کہ ہاتہہ سے اسکے	مکدر آب روان دُر آبدار گرہ
سن اے سپہر سبب کچہہ گرفتگی کا میری	کوئی بہی وجہ کہ آئی ہے یون نگار گرہ
نہ ہون سُہا نہ ثریا نہ خوشۂ پروین	کرون فروغ کی خاطر جو اختیار گرہ
نہ بند پیرہن یار ہون نہ تکمۂ جیب	کہ مری ہوئیگی رونق فزاے کار گرہ
نہ شاخ آہو و سنبل نہ موج دود نہ زلف	کہ یون نصیب ہوی مجہکو پیچدار گرہ
نہ ہون بخیل کا کیسہ نہ صرۂ صراف	کہ میرے واسطے ہو وجہ اعتبار گرہ
نہ تار سبحہ ہون نے عقد دُر نہ سلک گہر	گرہ کے بعد جو مجہسے ہے دو چار گرہ
نہ تو ہون طول امل نے درازی امید	کہ میرے رشتہ پہ ہو بہر اختصار گرہ
شکستہ تار نہین رشتۂ گسستہ نہین	ضرور مجہپہ تہی کیا دست روزگار گرہ
مری گرفتہ دلی ہے عیان سراپا سے	کہ نی کیطرح ہوا سب تن نزار گرہ
یہ انقباض طبیعت سے ہے کو کنار صفت	گرہ جو ایک کہلی ہون عیان ہزار گرہ
ہزار عقدے فلک نے دئی دلے صد شکر	ہوی نہ نطق سے اپنی کہی دو چار گرہ
مدیح خوان ہون نہین اوسکا کہ جسکا ناخن لطف	بچہوڑے ایک بہی ہون جمع گر ہزار گرہ

مژہ پہ کب سے نگہ ہے بانتظار گرہ
ذرا نقاب کی کھول اے ترے نثار گرہ

زمین کوچہ تری وہ فلک ہے یا موسیٰ
کہ جابجا ہے تجلی ستارہ وار گرہ

جو رمح عزم ہو قدکش ترا تو ہیبت سے
فلک پہ کاہکشان ہو مثال مار گرہ

ولہ

کیون نبض تفتگان سے کیا تھا دوچار دست
جھٹکے ہے اب طبیب جو یون بار بار دست

کیا روکتا وداع کے دم رکھہ کے رہ گیا
اک دل پہ ایک سر پہ ترا بیقرار دست

آئینہ دار تیرا بنا تھا جو آفتاب
اوس سطوت جمال سے ہے رعشہ دار دست

خون کر چلا ہے کون چمن کا کہ شاخ سے
فریاد کا اوٹھائے ہوے ہے بہار دست

دست نگار بستہ پہ کیجو بتان نہ ناز
حق نے دیا مجھے بھی ہے معنی نگار دست

مدحت نویس یعنی کہ ہون اوس جناب کا
جسکا ہر ایک شے پہ رکھے اقتدار دست

اقلیم قرب حق کا شہنشہ کہ خسروان
باندہے ہے حضور اوسکے رہین بندہ وار دست

موسیٰ کا نور چشم کہ اوس پشت پا کو دیکھہ
دیکھے کلیم کا نہ کوئی زینہار دست

ہوتا رہا آستین گدا رشتہ گہر
جنبش مین اسے گردہ لالی نثار دست

بیعت تری ہے بادشہا بیعت خدا
دست رسول کا ہے ترا یادگار دست

تو گوہر شرف ہے نسب تیرا کیا کہون
سچ لکھہ گیا کسیکا حقیقت نگار دست

دریا ہے تو نبوت و ابرت ولایت است
آسان نداد چون تو در شاہوار دست

بن ترے مدح جو کہ کہے یا رقم کرے
بیہودہ گو زبان ہے بیہودہ کار دست

نامہ مرا سیاہ ہے اے ابر مکرمت
کر شست وشو اوٹھا کے وہ رحمت شعار دست

فرط حجاب سے نہ اوٹھائے پئے دعا
روے سیاہ کے ہین کیئے پردہ دار دست

سر سے قدم سے کہ بے سر و سامان ہون مین اٹھا	اے ظلِ لطفِ حضرتِ پروردگار دست

ولہ

قدم فرسا ہون جتنا راہ اُتنی دور ہوتی ہے	کہ منزل معدن سیماب و خس کاروان آتش
عروج صاحبان طبع روشن بے وساطت ہو	پہُنچ جاتی ہے تا بام ہوا بے نردبان آتش
حنائی دست ساقی مین مئی گلرنگ کا ساغر	درون آتش برون آتش عیان آتش نہان آتش
کہان تک ضبط انفاس شرر افشان کرون یارب	کہین نکلے نہ ہر ہر مو سے جون برق تپان آتش
امان اب لیجیئے اوس ابر لطف حق کی سایہ مین	دلا جسکی کرے افسردہ بہر دوستان آتش
قسیم النار و الجنہ ہے جدا اوسکا کہ ازان کی	براے دوستان جنت براے دشمنان آتش
سُنے گر عدل سے تیرے کہین حکمِ امان آتش	کرے شعلہ سے فرق خس پہ کار سایبان آتش
ترا رخش پری صورت کہ وقت نیم جست اوسکے	کرے نے ہم کابی برق نے ہو ہمعنان آتش
عنان ہلتے ہی یون افلاک پر دہ گرم رو پہنچے	کہ آئینہ پہ جس سرعت سے ہو پرتو فشان آتش

ولہ

تولا بھم جو پلہ میزان حسن مین	پہُنچا ہے تو زمین پہ گردون پر آفتاب
حیرت سے خط و زلف مین وہ چہرہ دیکھ کر	سایہ ہے آفتاب پہ سایہ پر آفتاب
اوصاف حسن و عشق سے پہنچے نہ دلکو نور	کیا فائدہ وہ شعلہ ہوا یہ گر آفتاب
کیجیے مدیح اوسکی رقم جسکے یمن سے	روشن یہ صفحہ ہو کہ نہو ہمسر آفتاب
روضہ کا تیرے قبۂ گردون مماس وہ	ہے جس پہ ایک طائر زرین پر آفتاب
تری ضیا سے در خور خود سب ہین فیضیاب	پروین سہا ہلال قمر اختر آفتاب
اے شمع دودۂ علوی نورِ احمدی	اجداد تیرے سب پس یکدیگر آفتاب

وہ جد ترا کہ جسنے نماز رسول کو
پھیرا الٹ پس غروب آشکارہ پر آفتاب

تجھ تک علی سے تجھ سے ہی مہدی تک ایک نور
یعنی تمام خانۂ پیغمبر آفتاب

بعد ایک کے ہے ایک مین نور نبی کی سیر
رکھتا ہے جیسے چرخ پہ بارہ گھر آفتاب

ہو دامن ولا کا ترے مجھپہ سایبان
آتش فشان ہو جبکہ دم محشر آفتاب

ولہ

شب گھہ فلک پہ راہ سے گھہ تھی دو چار چشم
اختر فشان فترہ رہی اختر شمار چشم

اے خود نما کبھی تو دکھا دے وہ روے صاف
پتھرا اے انتظار سے آئینہ وار چشم

آ جلد کہ وقت نزع نگاہین ہین سوے در
رہ جاے وا نہ تا دم روز شمار چشم

گل پر نہ سینہ چاک نہ سنبل کا مین اسیر
رکھتا نہین ہون مائل زلف و عذار چشم

نور دو دیدہ جو حسن عسکری کا ہے
جویا ہے اوس جمال کی بے اختیار چشم

گاہے فراز منبر و محراب مین کبھے
گوہر فشان وہ لعل ہے گوہر نثار چشم

آرام گاہ عدل مین ترے پناہ خلق
فتنہ کی خواب ناز سے ہے ہمکنار چشم

آہو غنودہ تیغ شکار افگنان تلے
یون ہے کہ زیر ابروے خم پر خمار چشم

جب وہ کمان بلند ہو شکل ہلال عید
لگ جاے اک جہانکی یہین دلیسار چشم

اوس انتظار تیر مین اعدا کے جسم پر
ہر حلقۂ زرہ سے ہوی آشکار چشم

رکھتا ہے دود سینۂ اعدا سے سرمہ سا
جوہر کی ترا خنجر خونابہ بار چشم

تو عرش مرتبہ ہے یہ آنکھو نپہ ٹک مری
رکھہ پانو ہی حریف رہ انتظار چشم

جب تک کہ مشت خاک سے باقی رکھیگا باز
نقش قدم کیطرح ترا خاکسار چشم

شور قدوم تیرا سنونگا جو بعد مرگ
شاید کہ کھول دونگا درون مزار چشم

بینائی سے حصول بصارت سے فائدہ	گر تیرے گرد دیدہی کے نہ آوے بکار چشم

ولہ

فیض ارادی سے ہی پیکان غنچہ وسوفار گل	کیا عجب لاوے اگر شاخ کمان بہی بار گل
خاک پر سجدہ نہین ممکن کرین ارباب دین	صحن مسجد سے ہے پہولا تا سر دیوار گل
طرفہ تحریرین ہین اوس پر عکس رنگ سبزہ سے	ہاتہہ پر ہر شاخ کے ہے جام مینا کار گل
شاہ عالم کو مبارک ہووے یہ فصل بسنت	فیض سے جسکے ہوا باغ جہان مین خار گل
موتیونکا ہار پہنے جب تلک شبنم سے شاخ	جب تلک ہے زیب فرق مردم و اشجار گل
گردن گردن کشان ہو اوس کمند حکم مین	خون اعدا ہو الٰہی بہر فرق دار گل

ولہ

زہے نمود مہ عید و چرخ مینائی	لب قدح کو ہے شیشہ مین عکس آرائی
کشاد عقدۂ کار جہان مبارک ہو	دیا ہے ناخن دست سپہر دکہلائی
بنے تو کاتب قدرت کے ہاتہہ سے لیجے چوم	عجب ہے خوش رقمی و شگرف انشائی
کہ آب نقرہ سے لے صفحۂ زمردیر	دقیق مصرع روشن لکہا بزیبائی
ہوا ہے ناصیۂ ماہ عید کیون روشن	مگر ہے کی در سلطانپہ جبہہ فرسائی
زہے وہ فیل کہ مانند مست بادۂ ناز	دکہاوے جہومنے مین سو نمط کی زیبائی
ہلائے جب سر خرطوم مین اوٹہا زنجیر	تو کہائے رشک سے بل کاکل چلیپائی
گمان ہوا کہ شب قدر مین ملک آیا	جو اسپہ شکل ہمایون تری نظر آئی

ولہ

پیشدستی ہے طلب پر کف ہمت کو ترے	سے کہلنے دے ہی لب سائل نہ ترا دست نوال

عید کی صبح ہے نار وسے منور سے شبیہ ‏— صیقلی تیغ سے جب تک کہ ہی تشبیہ ہلال
چہرہ افروز ہوا اس بزم مین معشوق طرب ‏— خون بدخواہ دم تیغ پر اوس کے ہو حلال

تہنیت عید قربان

بہار و عید مین ہے اب یکے اتحاد تمام ‏— رکھے ہے نخل شگوفہ سے جامۂ احرام
نسیم گرد چمن یون پہر رہے ہے جون حاجی ‏— طواف کعبہ کی خاطر سبک اٹھا ہے گام
پڑھے ہے منبر اشجار پر بہ بانگ بلند ‏— ہر ایک مرغ چمن خطبۂ شہ اسلام
وہ عرش مرتبہ عالیجناب اکبر شاہ ‏— کہ پشت چرخ ہے خم جسکے آگے بہر سلام
اشارہ اوسکا خداوند امر و نہی ہے یہان ‏— زمانہ چاکر و اختر مطیع و چرخ غلام
جو خیر خواہ ترے سلطنت کے ہین اونکو ‏— نشاط عید ہو ہر روز تا بصبح قیام
عدوے جاہ ترا مثل میش قربانی ‏— بزیر دشنہ رہے دست آسمان سے مدام

ولہ

بڑی نگہ غرض اک بارگاہ عالی پر ‏— جہان سپہر مدور مثال حلقۂ باب
ہوا وہ سایہ فگن آگون سپہر مین یون ‏— کہ عکس چرخ نظر آئے جسطرح تہ آب
زہے بلندی ایوان کہ نقطۂ کیوان ‏— مثال خال سیہ زیر ابروے محراب
رفیع سقف اولوالعزم کی ہو جون ہمت ‏— وسیع صحن کہ جون سینۂ اولی الالباب
صفا کو دہان طلب زیر سایگی غبار ‏— ضیا کو دہان ہوس خانہ زادگی تراب
ملک صفوف صفوف ہوای طوف حریم ‏— بشر جنود جنود و خیال سجدۂ باب
کیا سوال یہ مین نے کہ کیا مقام ہے یہ ‏— کہ یہان ہے انس و ملک جمع بہر کسب ثواب

کہ ناگہان وہ ملک ہے سروش جسکا نام
لگا یہ کہنے کہ سن گر ہے اشتیاق جواب

کہ ظلّ خالقِ اکبر کا بارگاہ ہے یہ
وہ کون حضرتِ اکبر شہ سپہر جناب

وہ در ترا کہ نہ بدلین بیان سے جا ابدال
وہ در ترا کہ ہے جاے سکونت اقطاب

یہ بارگہ ہے وہ عالی کہ بہر عرشِ برین
نہ دین مشابہت زینہ واقفِ آداب

زبسکہ ہے یہی منظور باغبان قدر
کہ نخل شوکت و ثروت سدا رہی سیراب

سو آبیاری بستان جاہ کو ترے
ہمیشہ چرخ کو پہیرے ہے صورتِ دولاب

بوقت بذل و کرم دست جود سلطان کو
شبیہ ابر سے کہنا نہین ہے حرف صواب

کہ قطرہ آب وہ دیتا ہی اور گریان ہے
عطا کرے ہے یہ ہنس ہنس کے بدرۂ زرناب

ولہ

صباحِ عیش ہے طالع ہر اک ہی مستِ سرور
بہر انتراب ہے مطرب نے کاسۂ طنبور

سپہر اور ہے خورشید اور اختر اور
نہین نتیجۂ دوران بجز مسرت و سور

اثر یہ نشۂ عشرت کا ہی کہ لے ہے فقیہ
پیالہ ہاتھ مین پڑہ اِنَّ ربّنا الغفور

کہلے ہین خاطرستان یہ معنی توحید
کہین ہین ایک ہے آب مغان و آتش طور

برنگ خندہ دندان نماے سیم تنان
کرے ہی عقد ثریا سحر مین آج ظہور

جہان تمام ہے خوش لیک سب سے مین خوش تر
سرور سکو و لے سب سے مین فزون مسرور

کہ بہر تہنیت جشن خسروی طالع
بصد نشاط مجہے آج لائی اوسکے حضور

ولہ

دا از دون نصیب سیر نہون رہ کر آب مین
خالی حباب کا ہے سدا ساغر آب مین

ماتم زدہ ازل کے کسی رنگ خوش نہون
کب ہو سفید جامۂ نیلوفر آب مین

اِس موج خیز مین نہین رنگِ ثباتِ عیش	دم کے لیے حباب ہے مینا گر آب مین
کیا موج حادثات مین رنگین کلام ہو	تصویر کب بنا سکے صورتگر آب مین
تس پر بفیض مدح خدیو زمانہ سے	باندہے ہے نقش کلکِ ثناگستر آب مین
شامل ہے اوسکے ذات مین یون نیکی صفات	گوہر مین جیسے آب ہوا اور گوہر آب مین

ولہ

سحر کہ سلسلہ جُنبان ولولہ تھی نسیم	ملا کے یاسمن و گل کی موج موج شمیم
برنگ غنچہ گرہ دل کی باز کرتی تھی	براے نکہت گل تہا خواص خلق کریم
زہے وہ نکہت جان بخش لطف سے جسکے	افاضہ روح نباتی کا اسقدر ہے عمیم
کہ احتراز تر و تازگی و نکہت مین	شبیہِ دستہ نسرین ہو مشت عظم رمیم
مرا بھی کھینچ گریبان صبائے دلکش نے	کہا کہ کلبۂ احزان کا چھوڑ ربطِ قدیم
غرض اٹھائے ہوے دامن وشتاب زدہ	صبا و بندہ روان و وزان کہ ایک حریم
ہوی پدید کہ دیوار سر بلند اوسکی	رکھے بزیر قدم تھی کلاہ عرش عظیم
چمن چمن نفحات روان فزا اوسکے	نکل کے مردہ دلون پر کرتے تھے جان تقسیم
زہے حریم کہ در اوسکا روے خلق پہ باز	مثال دست کرم وقت بخشش زر و سیم
میری ارادت دل یہ کہے تھی وہان پہنچون	کہ رہنمائی طالع نے یون کیا تفہیم
کہ تجھکو اذن ہے جا اسمین پر بصد آداب	کہ تجھکو حکم ہے دیکھہ اسکو پر بصد تکریم
بہ شکل مہر ہوا مین جبین براے سجود	بطورِ چرخ قدِ خم بناے تسلیم
جو اوس حریم مین پُہنچا تو دیکھتا ہون کیا	رُسوم جشن ہین اور شاہ واجب التعظیم
کسیکو ریشۂ گل دے کسیکو مرسلہ بخشش	صبا ہے لخلخہ فرسا و عطر بیز نسیم

براے تہنیتہ خوانی حضور مین اوسکے — ترانہ سنج ہوئی عندلیبِ طبعِ سلیم
تجھے مبارک ہو اے پادشاہِ ہفت اقلیم — نگین و سکّہ و اورنگ و افسر و دیہیم
ترا وقار و غضب حکم نامہ پر سے لکھّے — لقب جبال کا مضطر خطاب شعلہ حلیم
نہین شہاب سے آخر وہ تیر قہر بہی کم — کیا یہ فرض کہ دشمن شال دیو رجیم
وہ تیغ ہاتھ سے دے منصفی نہ وقت نبرد — تنِ عدو کو برابر سے کر رکھے ہے دو نیم
حضورِ بادشہانِ فلک مکان جب تک — ملازمان کا زمین پر جھکے سر تسلیم
ہمیشہ پایۂ اورنگ سلطنت کے حضور — جبین چرخ پہ واجب ہو سجدۂ تعظیم

ولہ

مرحبا اے صبحِ عید اے رشکِ رخسار پری — چرخِ مینائی ہے تیرا شیشۂ جلوہ گری
لوحش اللہ لوحۂ سیما سے ہی تیرے عیان — جون جبینِ صائمان انوارِ طاعت گستری
واہ شیرین کاریان تیری کہ بے تیشہ زنی — کی ہے جوے† شیر پیدا گردِ کوہِ اخضری
اللہ اللہ کس قدر دامن کشائی ہی تری — دور ہے جسکا محیطِ آسمانِ چنبری
انشراحِ خاطرِ دانا سے ہے وسعت زیاد — انبساطِ طبعِ عارف سے فزون پہنا وری
ایک سا ہی ظاہر و باطن صفا و نور مین — وہ ہی نسرین جامگی تیری وہی سیمین بری
دم سے آئینہ مکدر ہووے دم سی ترے — واسطے آئینۂ عالم کی ہے‡ روشنگری
یون تجلی خیز کیون سینہ ترا ہے - کی مگر — جبہہ پر نور شہ نے تجہہ پر توگستری

† جوے شیر سے سپیدہ صبح اور کوہ اخضری سے فلک کو استعارہ کیا ہے ۱۲

‡ نفس صبح اور دمیدن صبح مذاق عرب وعجم کے موافق ہے اور آئینہ سانس پہنچنے سے مکدر ہوجاتا ہے لیکن نفس صبح سے آئینہ عالم اور روشن ہوجاتا ہے ۱۲

قطب † ہے داغ غلامی سے جبین چرخ پر — منطقہ کا خط کمر پر ہے نطاق چاکری
قدر کیا چرخ پر اختر کی کہ مطبخ سے ترے — چند اخگر ہین بروے تودہ خاکستری
خون اعدا سے ترے اور جوہر شمشیر سے † — ہے عروس فتح کو گہ غازگی گہ زیوری
واہ گردون سیر یان اوس رخش کی - ہے آفتاب — یون رکاب اوسکے مین جیسے لعل اور انگشتری
اچپلاہٹ سے کہنچے نقشہ کب اوسکا ہان مگر — کوند بجلی کی ہو صفحہ - خامہ موج صرصری
بسکہ حرف وصف شوخی کا ٹھہرنا تہا محال — ہے کمند افگن ورق پر نقش تار مسطری

قصیدۂ تہنیت کتخدائی

ابروے کج نے کیا ملک دلون کا تسخیر — راست ہے ملک اوسیکا ہے کہ جسکی شمشیر
مانگ کا موی معنبر مین وہ سیمابی خط — کیا ہی ٹوٹا تہا ستارا سا میان شب قمر
اللہ اللہ نزاکت کہ دم نیم نگاہ — رنگ اوسکے گل رخسار کا ہوتا تغیر
رنگ گل - بوے سمن - نور سحر - آب گہر — کرکے حل - اوسکے برو دوش کی کہینچی تصویر
غنچۂ لب سے گل افشان وہ لگی یون ہونے — آج وہ دن ہے کہ جون غنچہ کہلا ہر دلگیر
تہنیت نام میرا اور ادہر جاتی ہون — کہ جو ہے مالک دیہیم و خداوند سریر

تہنیت جلوس

سپیدہ دم باز چشم تہی یہان کہ درسی ناگاہ جلوہ گستر — ہوا ہی اک رشک باغ دبستان بہشت خوبی قدم ستی تا سر

† چونکہ ہم لوگونکا معمورہ شمال خط استوا مین ہے فلک کا سر نقطہ شمال کو سمجہتے ہین اور پاؤن نقطہ جنوب کو اور منطقہ کو کمر سے تعبیر کرتے ہین اس وجہ سے کہ نقطہ شمالی ہمین بلند معلوم ہوتا ہے اور جنوبی پست ۱۲

† یعنی عروس فتح کا غازہ خون اعدا ہے اور زیور جوہر شمشیر ہے ۱۲

وہ قد و قامت - وہ رو و طلعت وہ لعل خندان وہ چشم فتان
نہال طوبی - بہار خوبی - جواب غنچہ - حریف عبہر
گلوی سیمین دہان رنگین - لبان نوشین حدیث شیرین
صراحی چین - پیالہ العلین - شراب احمر - نبات و شکر
کرشمہ جادو - نگہ سخنگو - کشادہ گیسو - کشیدہ ابرو
فسون بابل - حیا سے شامل - کمند گستر - بدست خنجر
زہی لطافت - خہی نزاکت عجیب رنگت - غریب طلعت
سمن کو خجلت - گلونکو خفت - شفق کو حیرت - سحر مکدر
روش مین لغزش کمر مین جنبش مژہ کو کاہش نگہ کو کاوش
بوضع مستان بشکل اغصان - بطرز پیکان بطور خنجر

بنام شوکت - بعرف دولت - لقب جلالت خطاب حشمت
یہ پیش سلطان کہ جشن تہاوان چلی وہ خندان یہ شعر لب پر

تجہے مبارک ہو شاہ اکبر یہ تاج و مسند یہ تخت و افسر
کہ یہ ہے خورشید - یہ ہے گردون یہی ہے کرسی یہ عرش اکبر
جناب خاقان ابن خاقان - خدیو دوران وہ شاہ شاہان
سپہر جاہ - و ملک سپاہ - و فلک غلام - و ستارہ چاکر
سدا ایمان کا اِس آستانکا - تری سخن کا ترے بیانکا
فلک ملازم سپہر خادم - زمان مطیع - و جہان مسخّر
درون حاسد - دل معاند - عدو کی مژگان حسود کی جان
گہی خراب - و گہی کباب - و گہی پر آب - و گہی پر آذر
اساسِ باغی - عدو کا خرمن - تنِ مخالف غبار دشمن
نثارِ سیل و نیازِ آتش - سپردِ خاک و دو چار صرصر
وجود دیکھہ اور زرفشانی - وہ عدل دیکھہ اور جہانستانی
گدا فریدون فقیر قارون خفیف کسری خجل سکندر

مثنوی

وہ جیغہ وہ سرپیچ جوہر نگار
عدو کو یہ اختر ہی دنبالہ دار
نہ الماس کے تکمہ کا ہے ظہور
گرہ ہو رہا ہے تجلی کا نور
وہ بازو پہ کیا نورتن جلوہ گر
کئی رنگ کے پہول اک شاخ پر
کمربند مین تکمہ لعل ناب
شفق رنگ نصف النہار آفتاب

دلون مین یہ ہین کسکی شادی کے چاؤ / کہ ہے شاہدانِ چمن کا بناؤ
رکھے آئینہ آب کو روبرو / سنورتا ہے سروِ لبِ آب جو
ہر اِک سو عجب ہین خوش اندازیان / جلے سازیان حوصلہ پردازیان
ہر اک برج پر روشنی کا عروج / زمین آسمان وار ذات البروج
فلک پر تھی وہ دو چراغان کو راہ / لگا لینے کاجل سکورے پہ ماہ
مچا شادیانونکا غل تا فلک / گئے بھول تسبیح خوانی ملک
یہ ہر ایک شہنا سے آئی صدا / کہ تجھکو مبارک یہ شادی شہا
کرے فیض کا تجھسے وہ اکتساب / کہ نوشہ ہے مہ اور تو آفتاب
رہے ساز تا دست ناہید مین / شباہت ہے تا جام و خورشید مین

تری بزم مین جام ہو روز و شب / مے عیش اور نغمہ ہاے طرب

ولہ

تماشا آج کی تھی صبح پر نور / جبین مہوشان یا عارضِ حور
تعالے اللہ عجب صبح پر انوار / تجلی ایک اوسکی آئینہ دار
ترانہ سنج تھا ہر طائر کاخ / یکایک سئم پہ ہلجاتا شاخ
عجب آبِ روان کی بزم آوازہ / نہوتی چشم نرگس خواب سے بازہ
وہ شور جوے آب و نغمہ سازی / ظہور ہر حباب و شیشہ بازی
دکھاتا ساغر مے لالہ یکدست / لئے بیٹھو دڑا ساغر سے یہ مست
نسیمِ عیش تھی یہ گل کھلے تھے / مجھے بھی اِس چمن مین ولولے تھے
کبھی دل ساتھ قمری کے پرافشان / کبھی ہمراہ بلبل گرم دستان

کہ در سے اک بہارین جلوہ ناگاہ
یہ رنگینی سی آنکلی کہ بس واہ

قیامت فتنہ گردہ قد و بالا
کہ شور حشر تہا سانچے مین ڈہالا

جہکی تہی فرق سے تا پشت پا زلف
دخان آتشِ رنگ حنا زلف

ڈہلک کولے سے بہی آئی وہ چوٹی
شبِ یلدا کہین تہی اوس سی چہوٹی

نشہ کی چشم مین ڈورے وہ پیدا
درون جام صہبا موج صہبا

غزال اوس چشم کو کہنا سزاوار
شگون ہے یہ کہ بدلین نام بیمار

گہر اوس گوش سیمین مین لٹکتا
ستارہ صبح کا سا تہا چمکتا

پروے پہول تہے بالی مین دو چار
ہوئے گرم آتشِ گل سے وہ رخسار

دہن پر پے بہ پے موجِ تبسم
عجب سحر عدم کو تہا طلسم

گلوے صاف یا شفاف مینا
نظر آتا تہا اوس سے مے کا پینا

گلے سے شعلہ آواز دلکش
عیان فانوس بلورین سے آتش

گلو وہ اک بیاضِ لطف آگین
رقم کیا کیا نہ بوسون کے مضامین

وہ پشت پا کہ تہی اک لوح مینا
حنا آتی نظر جون رنگ صہبا

بصد شوق و بصد ذوق و بصد جوش
کہا مین نے کہ اے غارتگرِ ہوش

بتا تو کون ہے اے جان عشاق
کہ تیرے نام سننے کا ہون مشتاق

کہا مجہسے کہ سن اے جان معنی
کہ تو ہے بلبل بستان معنی

لقب میرے بہت رکہتے ہین شہرت
مجہے کہہ خواہ دولت خواہ عشرت

ہوا شاہ زمانہ جشن فرما
کہ ہے روز جلوس فرخ اوسکا

سو مین بہی اب چلون ہون تہنیت کو
خدا رکہے سدا اس سلطنت کو

نکلا شاخ سے ہر غنچے نے سر
برنگ جیب سبز و تکمۂ زر

طلب بوسہ کی تھی از بس صبا سے
سمیٹے ہونٹھ غنچون نے حیا سے

روش پر عرعر و سرو و صنوبر
بھم رقصان اصول فاختہ پر

انتخاب تہنیت نوروز

نوروز نے کیا یہ باغ جہان کو رنگین
لالہ سے کم نہین کچھہ ہر زاغ کا نشیمن

فیض ہوا نے ارزان کی نزہت و طراوت
کم سنبل چمن سے دیکھا نہ دود گلخن

کاہیدگی سے اب ہے شب مثل خال مشکین
دن ہے زیادتی سے مانند روی روشن

نقصان شب سے از بس ہو روز کو ترقّی
اِس مسئلہ کو کیجے ٹک واعظ و مبرہن

یعنی کہ بادشہ کا ہو کوکبہ فزون تر
کاہیدہ جس قدر ہو بخت سیاہِ دشمن

سلطان خلق پرور وہ کون شاہ اکبر
باب حمایت اوسکا ہے وقتِ فتنہ مامن

اوس ہاتھہ سے ہی دریا دریا سے ابر سائل
اوسکی حدیث ہمت پہنچی ہے یون معنعن

غزلون کا انتخاب

تھی اوس حسن مطلق سے ہی کب آئینہ اعیان کا
دلِ ہر ذرّہ ہے خلوتکدہ خورشید تابان کا

چراغ دیر و شمع کعبہ ایک آتش سی روشن ہی
نہین پر دیدۂ تحقیق وا گبر و مسلمان کا

ولہ

یان جہان تک بھی دی چلکے پردا ہی وہان نہین
جھگڑا کہان چکائیے ناز و نیاز کا

ولہ

تجھے نقش ہستی مٹایا تو دیکھا
جو پردہ تھا حائل اُٹھایا تو دیکھا

یہ سب تیرے کر ہی حسن کا پرتوہ ہے
نہ دیکھا تجھے تیرا سایہ تو دیکھا

یہان ہر شرر شعلۂ طور سا ہے — یہ جلوہ جو دل کو جلایا تو دیکھا
بُرا مانیئے مت مرے دیکھنے سے — تمہین حق نے ایسا بنایا تو دیکھا

نہون کیونکہ **ممنون** پیرِ مغان کا
یہ عالم جو ساغر پلایا تو دیکھا

گمان نہ کیونکہ کرون تجہپہ دل چرانے کا — جھکا کے آنکہہ سبب کیا ہی مسکرانے کا
وفور گریہ ترحم ہجوم نالۂ گرم — کہ ہے ارادہ اوسی درد دل سنانے کا
یہ سینہ ہے یہ جگر ہے یہ دل ہے بسم اللہ — اگر خیال ہے تلوار آزمانے کا
دیا ہے وعدۂ جان بخش سے تمہین مقدور — ہزار آرزوئے مردہ کو جلانے کا
وہ تیر ناز لگا کر کہے مرے دل پر — کہ یہ خدنگ ہے لائق اِسی نشانے کا

ولہ

کیا نہ بازوے قاتل کی نازکی پروہیان — گلہ ہے سخت مجہے اپنے سخت جانی کا
نہ آئے دست بدوش کرشمہ کیون وہ نگاہ — قبول اوس سے نہین عذر ناتوانی کا
کمان سے اور دل و سینہ و جگر لاؤن — تمہین تو کہیل لگا ہاتہہ تیغ رانی کا
الٰہی جیب کہ دامن کہ آستین دہوؤن — مژہ نے سیکہہ لیا شغل خونفشانی کا

نہین بچا مرض عشق سے کوئی **ممنون**
ہمین دریغ بہت ہے تری جوانی کا

ولہ

لے لیا بوسہ تو اوسنے دین نہ کیا کیا گالیان — یہان گنہ سے بہی زیادہ ہے سزا تعذیر کا
آنکہہ لگنا آنکہہ سے سامان گرفتاری کا ہی — حلقہ حلقہ سے ملے تو نقشہ ہے زنجیر کا

ولہ

رات تم بن نہ ٹک آسودہ یہ مہجور ہوا — رشتۂ بستر راحت دمِ ساطور ہوا
دلِ پرشوق کہ تہا تنگ شکیبِ پرِکاہ — بل سبب تہمت کہ حریفِ شررِ طور ہوا

مجھکو نزدیک بدل جانیو یاران وطن
تفرقہ سازی دوران سے مین گو دور ہوا

چاندنی مار گئی اس دل زخمی کو رات
پرتو انداز یہ کس کا رُخ پُر نور ہوا

یون اشارہ نہ کر ابرو سے کہ ہو لغزش دل
گر گرا طاق سے یہ شیشہ تو بس چور ہوا

جو لگا زخم بیان نشتر حسرت سے آہ
رفتہ رفتہ مرے سینہ مین وہ ناسور ہوا

وله

تصور شب ترا تا صبح کس کس طرح بیان باندہا
کبھی کہولی قبا گہ طرۂ عنبر فشان باندہا

سلام اے رہروان کعبہ رخصت ہے کہ ہمنے تو
بس اب احرام سوے خانۂ پیر مغان باندہا

وله

رشک اوس پر ہے کہ یون مر کر جو بسمل رہ گیا
سر قدم پر ہا تہہ مین دامان قاتل رہ گیا

کل ترے بیمار نے غش سے ذرا کہولی تہی آنکہہ
تو نہ تہا سو دیکہہ بالین کو وہ بیدل رہ گیا

کوئی کہدے تیز رو ناقہ نشین سے یون پکار
گر کے اب اک ناتوان دنبال محمل رہ گیا

عرض بیتابی دل مین نے جو کی - چہاتی سی لگ
وہ لگا کہنے کہ لے اب تو ترا دل رہ گیا

کچھہ نگاہون مین کیا چاہے تہا دل عرض ہوس
تیری چتون دیکہہ کر لیکن یہ سائل رہ گیا

چل بسے پیش از سحر تہی جو رفیقان سفر
آہ اک سوتے کا سوتا مین ہی غافل رہ گیا

وله

دیر سے مستی مین سوے کعبہ چل کر رہ گیا
لڑکھڑاے پاؤن تھے پہر مین سنبہل کر رہ گیا

لے گیا دل ہاتہہ سے اور پاؤن کے نیچے ملا
دیکھتے کا دیکھتا مین ہاتہہ مل کر رہ گیا

برق سی سینہ مین چمکی پہر جو دیکھا کچھہ نہ تھا
سوختہ جان شب ترا بستر پہ جل کر رہ گیا

اشک کا طغیان ہوا - ممنون غریق رحمت آہ
ایک یا دو مرتبہ اُچھلا اُچھل کر رہ گیا

وله

غش سے ہمین افاقہ دم بھر کبھو نہ آیا
جب تک صبا کا جھوکا لے تیری بُو نہ آیا

ٹک دیکھہ ناتوانی سینہ سے اپنے نالہ
اڈہا تہا شب - سحر تک پر تا گلو نہ آیا

یہان در سے لگ رہین ہین تا وقت نزع انکھین — لے حسرتین چلے ہم پر آہ تو نہ آیا
بیمار کا ترے شب اک دم سا لگ رہا تھا — سو بھی کبھو تو پیارے آیا کبھو نہ آیا

وله

کاوشِ غم نے ستم رات یہ مجھپر توڑا — کہ ہر اک مو نے بدن پر سر نشتر توڑا
ہچکیان سب کو لگین اوسکے سرہانے شاید — تیرے بیمار نے دم آج ستمگر توڑا
کسقدر شرح گرانبارے غم لکھے تھے — کہ مرے نامہ نے بازوے کبوتر توڑا
چشم سے قہر تری تیر نگہہ کا چھوٹا — کہ جگر تک مرے سینہ سے گزر کر توڑا
جون حباب ایک نفس سے ہے یہ طلسمِ عشرت — اسمین کہہ شیشہ بنایا کہے ساغر توڑا
کاوشین مجھسے رہین ضبط فغان کو کیا کیا — تا گلو سینہ سے نشتر یہ ہے نشتر توڑا
قصہ کہتا تھا کسی عہدشکن کا مین رات — وہ لگے کہنے یہ طعن آپ نے ہمپر توڑا
لگ چکا جی تو نہین ہم سے توڑایا جاتا — تم سے گو عہد وفا باندہ کر اکثر توڑا
دل کے پیوند مین یہ بازی طفلانہ نہین — کیا کھلونا ہے کہ جوڑا ادہر اودہر توڑا

وله

ہر ہوس سے سوزِ غم نے شعلہ اوٹھا کے چھوڑا — الفت کو آگ لگیو آخر جلا کے چھوڑا
کیا کیا نہ مین ہون پہڑکا صیاد پیشگان نے — جو نو اسیر چھوڑا مجھکو دکھا کے چھوڑا
تہا کسقدر تعلق قاتل سے دامن اوسکا — تلوار پر نہ ہرگز تلوار کہا کے چھوڑا
کس صیدگہ مین لایا گردون کہ ہر طرف سے — ایک ایک تیر ہمراہ آواز پا کے چھوڑا
اوس گردن و کمر مین خم ہو چکین تہین باہین — بے جراتیِ دل نے قابو مین لا کے چھوڑا
اے باد آہ جنبش اتنی بھی تھی نہ لازم — ایک ایک پارۂ دل آخر اوڑا کے چھوڑا
کیا کہہ گئے طبیب اب بیمار کو تمہارے — کہتے ہین آسرے پر اوسکو خدا کے چھوڑا

ممنون مے محبت پے سہل مت سمجھہ کر

یہ جام کم کسی نے مُنہ سے لگا کے چھوڑا

ولہ

سینہ مین ایک نفس بھی نہ ترا تیر رہا
خونِ حسرت مین تڑپتا دل نخچیر رہا

ہاے رے بیکسی دامن دی یاریِ جیب
کہ مرا دستِ جنون بستۂ زنجیر رہا

جب کیا قہقہہ مانند صراحی ہمنے
گریۂ خون بھی یہان ساتھ گلو گیر رہا

دل مین کیا کیا ہوسِ عرض تمنا تھی ولی
تری چتون کا وہ ڈھب مانعِ تقریر رہا

ولہ

کیا نگاہون سے یہان خونِ دمِ بسمل ٹپکا
ایک قطرہ نہ تری چشم سی قاتل ٹپکا

ولہ

بطرحِ شب بتان دلِ بیتاب تو ہوا
سینہ کا جا بجا سے گسستہ رفو ہوا

بیمار انتظار نے تیرے غشی سے آنکھ
کھولی ذرا تو بس نگران چار سو ہوا

غمزہ نے کس کے تیغ لگائی کہ چشم مین
انداز صد نگاہ تمنا لہو ہوا

یہان ارتباط شعلہ و خس ہے بہم کہ مین
جتنا جلا فروغ ترا شعلہ خو ہوا

ولہ

نزہا پر نہ طپش سے دلِ بیتاب رہا
رات ہاتھون مین نہ کیا کیا مین اسے داب رہا

اوسکی آنکھون سے ستارونکی نمکریزی پوچھ
صبح تک جبکا کھلا دیدۂ بیخواب رہا

کیا تپ دل تھی تہِ خاک کہ تربت پہ مرے
تمتمایا سا رخ لالۂ شاداب رہا

چشم سے کیا ترے بیمار کی حسرت ٹپکی
کہ شب اشکون سے بھرا دیدۂ احباب رہا

ولہ

گزرتا ہے جنازہ دیکھنا یہ جانِ من کسکا
ذرا پہچان تھا بیمار چشم سحرفن کسکا

ترے قربان اتنا پوچھہ اگر نعش پر میری
شہیدِ ناز ہے یہ کشتۂ خونین کفن کسکا

زخود رفتن ہے بند آنکھین ہین زخمی دل آہین ہین
کہانکی سیر کیا صحرا ہوا کیسی چمن کسکا

گنہ میرا ہی رنگِ چہرہ گوناگون ہو مجلس مین
اشارہ غیر سے کرنا گنہ ہے جانِ من کسکا

ہجوم ناز و انداز و ادا مین دل ہوا کشتہ
کہ ہے بلوہ مین قاتل دون پتا مین مدعن کسکا

جگر کاوی مجھے ہے اور تجھے خارا شگافی ہے ۔۔۔ بتا تو ہی کہ ہے جانکاہ کام اے کوہکن کسکا
تجھے کیا غیر سے تھا کام شب پر دیکھہ آئینہ ۔۔۔ چڑھی ہی آنکھین ہین اترا منہ ہے طرہ پرشکن کسکا

وله

ہاتھہ سے تیرے یہ احوال ہے دلبر اپنا ۔۔۔ دل نہین ہاتھہ مین اور ہاتھہ سے دل بر اپنا

وله

تھا حسن ہین نہ رنگ ادا کا نہ ناز کا ۔۔۔ یہ نقش یادگار ہے آئینہ ساز کا
اے اشتیاق بیت صنم تیرے ہاتھہ سے ۔۔۔ چھٹتا ہے ساتھہ راہروان حجاز کا
سینہ مین برچھیان سی لگا کین ہین صبح تک ۔۔۔ شب تھا خیال کس نگہ نیزہ باز کا
دامن بچا ہو کہ مسیحا ادھر ہے قصد ۔۔۔ ہر اک شرار نالۂ افلاک تاز کا

تصویر بت چھپائی ہے **ممنون** نے سجدہ کو
گوشہ اولٹ کے دیکھیو ٹک جانماز کا

کشتۂ وعدہ ترا آج سسکتے دیکھا ۔۔۔ آہ اوسوقت بھی دروازہ کو تکتے دیکھا
وہ مرا نالہ سنے کیا کہ صدائے گل سے ۔۔۔ سینہ مین اوس دلِ نازک کو دہڑکتے دیکھا
چٹکیان نغمہ سرائی مین بجانے وہ لگا ۔۔۔ گاہ اِس لطف سے غنچہ نہ چٹکتے دیکھا
تو نے بھی جہانک کے دیکھا کہ سحر تک شب سے ۔۔۔ اِک جوان در پہ ترے سر کو پٹکتے دیکھا

ہم نہ کہتے تھے کہ **ممنون** نہ بتون کو دیکھو
ہاتھہ سے لیگئے دل تکتے ہی تکتے دیکھا

وله

کل وصل مین بھی نیند نہ آئی تمام شب ۔۔۔ ایک ایک بات پر تھی لڑائی تمام شب
کس بے ادب کو عرض ہوس ہر نگہ مین تھی ۔۔۔ آنکھہ اوس نے بزم مین نہ اٹھائی تمام شب

وله

ہائے بیکاری وحشت کہ رکھین مشغلہ کیا ۔۔۔ نہ تو دامان ہے ثابت نہ گریبان درست
قصہ گر اپنے شکستِ دل محزون کا کہون ۔۔۔ تو بھی اک بار تو کہہ منہ سے میر یجان درست

کھینچ اے غمزۂ خونخوار نہ دل پر تلوار — کیا ترے دین مین ہی خون مسلمان درست
زور پر دست جنون آج ہے انشاءاللہ — نہ مرا جیب رہے نہ ترا دامان درست

وله

یون کرین چارۂ بیماری اغیار وہ لب — یہ مرے درد کی ہوتی ہے دوا یا قسمت
ایک دل تھا کہ ذرا اوس سے رہین تھین باتین — غم غلط کرنے کو وہ بھی نہ رہا یا قسمت

وله

صف بستہ کہان ہوینگی فرداے قیامت — کشتون سے ترے تنگ ہے صحراے قیامت
آمد سے ترے ہم پہ جو ہونی تھی سو ہولی — اب وعدۂ حشر نہ پرواے قیامت
رفتار تری اس دل مضطر مین بھر کر رہے — آئی ہے قیامت بتماشاے قیامت

وله

اٹھی ہے ہول سی کچھہ ہول پر آج — نہین جی چھوڑتا درد جگر آج
کشندہ شادی ناگہ سنی تھی — وہ آیا پاس میرے بےخبر آج
نہ قاتل ہی مرادہ ہو کہ نادم — کھڑا تھا اِک جوان تابوت پر آج
نہ اپنے حال پر اتنا بھی رو شمع — کہ ہم بن جینگے تجھسے بیشتر آج
نہین دیتی دکھائی صورت زیست — غضب صورت ہون آیا دیکھکر آج
نہین معلوم وعدہ کر گیا کون — قطعه — کہ ہم آئین گے ممنون تری گھر آج

طپش دل کی لیے جاتی ہے کھینچے
گہے تا بام گاہے تا بدر آج

وله

لگ اٹھی آگ قفس مین صیاد — برق ہے اپنے نفس مین صیاد
تیغ زن کس پہ رہا تو کہ رہے — ہم طپان خون ہوس مین صیاد
ہم رہے دام مین آوینگے یاد — شاید اک آدھ برس مین صیاد
خونچکان صید دوان آتے ہین — تیر کے دنبال فرس مین صیاد

اسے دود آہ تو بھی تتق باندہ دے ذرا
مشہور بیستون ہوا نام کوہکن

جان دون ہون یہ عنایات ستمگر دیکھہ کر
غش سے چونکا تہا ترا تک یہ مریضِ انتظار
خاک مین لوٹین ہین یہان کیا کیا تمنائین پڑی
یہ نہ جانا تہا کہ اوس محفل مین دل رہ جائیگا

نظر دزدیدہ کیسے تہا آنکھین ملا ملا کر
ہو نیمچہ اوٹھاتے کس کو ڈرا ڈرا کر
دشتِ جنون سے مشکل کیا ہو گیا گزرنا
میری شبِ جدائی بڑھ کر نہ گھٹ سکی پھر
مین دل کو ڈہونڈتا ہون تم ہی نے کیا لیا ہی

وله

سمجھے بہت ہے آپ کو کچھ آسمان بلند
آواز جائے دور جو ہووے مکان بلند

وله

یاد کرتا ہے مرا دل نوکِ خنجر دیکھہ کر
مر گیا اک سانس لے بس جانبِ در دیکھہ کر
ٹک قدم رکھنا مری تربت کے اوپر دیکھہ کر
ہم یہ سمجھے تھے چلے آئینگے دم بھر دیکھہ کر

وله

لیتے ہین دل اوڑا ہم لیکن جتا جتا کر
ہم دل پہ زخم جھیلین شرطین لگا لگا کر
ہر خار سے ہون آیا دامن چھڑا چھڑا کر
گو ہے فلک گھٹاتا سبکو بڑہا بڑہا کر
کیون مسکرا رہے ہو آنکھین چرا چرا کر

کہتے تھے رومت اتنا ممنون تو نے آخر
دل اور جگر نہ رکھا آنسو بہا بہا کر

آہ کسکا دل زخمی ہے تہِ خاک ہنوز
توسنِ ناز کو یون رخصتِ جولان کب تک
کیون کرین ہاتھ سوے منعم مغرور دراز
ہے بہت قصۂ ضعفِ دلِ رنجور دراز
صبح صد حشر ہوی روز قیامت نبڑی
یہان زبان لال دہان نیم سخن کا نہ دماغ

وله

کہ نکلتے ہین لئے گل جگر چاک ہنوز
کیا ترے زعم مین باقی ہے مری خاک ہنوز

وله

یا دن بیٹھے ہین گئے ہم طرف گور دراز
لب تک دم کو آنا سفر اک دور دراز
ہے شب وعدۂ دیدار بدستور دراز
اور اس آرزوے دل کے ہین مذکور دراز

زلف سے مانگ تلک مانگ سے تا جعد ہے قصد
دل کو آیا ہے سفر پیش عجب دور دراز

دل خروشان بیان ہے لب خاموش
خم لبستہ سان بھرے ہین جوش

وله

اِس کنارِ تہی پہ روتا ہون
دیکھہ گردہ بھرے بھرے بردوش

کون محفل مین اب ہوا ساقی
ہر طرف سے ہے بانگ نوشانوش

تہا ریاکار شیخ دین - تجھسے
قصد بیعت ہے پیر بادہ فروش

واہ طرز کلام **ممنون** واہ
کس قدر ہے پسند صاحب ہوش

دیکھو نہ اِس وادی مین ہو مجنون شیدا اک طرف
بانگ درائے ناقہ پر نالہ سا اوٹھا اک طرف

وله

کیا عشق کی ہے صیدگہ یہان نیم زخم ناز کو
بیتاب اک جانب خضر۔ مضطر مسیحا اک طرف

زلفین کھلی آیا جو وہ کیا کیا گرہ ہے ٹوٹ کر
تسبیح زاہد اکطرف زنار ترسا اکطرف

ہے فصل گل گزرا ہے دے ۔ ساقی بھی ہے شیشہ بھی ہے
پے آج زاہد جام مے - رکھہ فکر فردا اک طرف

وله

ساتھہ اپنے گر گیا دل بیتاب زیر خاک
تو ہو چکا نصیب مجھے خواب زیر خاک

وله

کیا کیا خیال تہا کہ کہین گے شب وصال
آیا جو وہ تو کچھہ بھی نہ آیا زبان تلک

اے برق لبا دیکھہ کے نہ اوڑجائین دھجیان
دامن اُٹھا کے آئیو اِس آشیان تلک

اے سوزِ سینہ کچھہ تو ترحم کہ مثل شمع
داغ اک پہنچ گیا سرِ ہر استخوان تلک

وله

خرام ناز سے طرح قیامت اجوان کب تک
زمین پر فتنہ برپا کیجیے گا ہر زمان کب تک

بنائین گے کوی تکیہ فضائے دہر سے اُدہر
کوئی دیکھا کرے سر پر یہ سقفِ آسمان کب تک

ترے بیمار پر ہونی جو ہو سو ہو چکی ظالم
تردد مین دلِ احباب و جانِ دوستان کب تک

وله

نکہت کو تجھسے لی ہے صبا اور صبا سے ہم
لے عطر تیرے تن سے قبا اور قبا سے ہم

ہے تیرے بوی عطرِ گریبان سے مست گل　　گل سے چمن چمن سے ہوا اور ہوا سے ہم
بیعت پذیر سلسلۂ پیچ و تاب ہین　　شانہ سے مو و مو سے بلا اور بلا سے ہم
آئینہ اُس لقا سے کرے اکتساب نور　　دل آئینہ سے دل سے صفا اور صفا سے ہم
ہر آن غمزۂ قدر انداز سے ترے　　حیران قدر قدر سے قضا اور قضا سے ہم
مطرب تھی ترے لب ہین مئے بیخودی مگر　　ہونٹون سے تیرے مست صدا اور صدا سے ہم

ممنون کہی عجیب غزل جسکی مدح سے
عاجز بیان سے ثنا اور ثنا سے ہم

ولہ

ہونے پایا مرے قاصد کا نہ پیغام تمام　　تھا سخن لب پہ کہ قاتل نے کیا کام تمام
طپشِ دل نے نہ چھوڑا کہ کبھی ہم اک بار　　لائین تسکین کے لئے لب پہ ترا نام تمام
جی ڈہلا جای ہے جون جون کہ ڈہلے ہے سایہ　　کیونکہ وعدہ کا ترے روز ہو تا شام تمام

ولہ

گر حسرتِ دل سنائین گے ہم　　تمکو بھی بہت رلائین گے ہم
بیتابیِ دل ذرا ٹھہر جا　　ٹک چاکِ جگر سلائین گے ہم
چاہو جس پاس جا کے بیٹھو　　تم سے دل ہی اوٹھائین گے ہم
ابتو ترے در پہ آ کے بیٹھے　　جو ظلم ہو سو اُٹھائین گے ہم

ممنون جیتے رہے شبِ ہجر
منہ وصل مین کیا دکھائین گے ہم

ولہ

چل بسے قافلے یارون کی خبر ہے کہ نہین　　دلِ غفلت زدہ کچھہ فکر سفر ہے کہ نہین
چشم گریان ترے رخسار پہ شب تھی کسکی　　شبنم آلودہ سا کچھہ وہ گل تر ہے کہ نہین
روسوے غیر تو ہنگام سخن رکھتے ہو　　ہرتی پہرتی مری قسمت مین نظر ہے کہ نہین

صورتِ نقشِ قدم مجھسے اٹھا جائے کہان
اِس سرِ راہ پہ بندہ تو رہا۔ جائے کہان

مجھکو ہر بار نکہ جامیسے درسے پیارے
تو ہی کہہ دل جو کسیکا ہو گا جائے کہان

ہے جو احوال ستم دیدۂ ہجران کا ترے
وہ کہا جائے کہان اور سنا جائے کہان

وله

قہقہہ شیشہ صفت جب مین کبھو کرتا ہون
گریۂ خون سے لبریز گلو کرتا ہون

رحم اے جنبشِ افغان۔ کرم اے کاوشِ آہ
کہ مین ٹک چاکِ جگر آج رفو کرتا ہون

مدتون سے دل زخمی کو نہین لذتِ درد
اسمین پھر نشترِ پرزہر فرو کرتا ہون

خم مین بیٹھا جو فلاطون تو یہ کہتا تہا سپہر
رہ تیری خاک کو مین صرفِ سبو کرتا ہون

وله

یہ صفا۔ یہ رنگ۔ یہ خوبیان۔ جو بھری ہین عارضِ یار مین
نہ سمن مین یہ۔ نہ چمن مین یہ۔ نہ گلون مین یہ۔ نہ بہار مین

وله

دل فریبی یہ ہے وہ رشکِ پری دیکھو تو
دل ندے یہ بھی ہے تاب بشری دیکھو تو

گہ دہان گاہ ہوا۔ شعلہ گہے۔ گاہ ہی برق
ٹک یہ نیرنگی آہِ سحری دیکھو تو

دلِ پس ماندہ یہ کیا ہو کہ اُٹھے صبر و قرار
سب چلے یہ رفقاے سفری دیکھو تو

دین و دل جان لیا۔ کچھ بھی یہ چھوڑا جو تھا
ایک گالی بھی نہ دی مفت بری دیکھو تو

جلوہ اوس بوقلمون جلوہ کا ہر سو ہے عیان
ہم ہین مشتاق نظر بے بصری دیکھو تو

وله

صبا پیغام یہ کہیو ہمارا ہمصفیرون کو
سنا جایا کرد آواز کا ہے ہم اسیرون کو

وله

تونے آنے کی قسم کہائی ہے پر انشاء اللہ
جذبۂ عشق ہے تو کہینچ کے لاؤن تجھکو

کہین جاتا ہے تو جا جک کہ اگر جان بھی جاے
نہ بلاؤن۔ نہ بلاؤن نہ بلاؤن تجھکو

مین نے پروانہ کہا آپ کو تو کیا بولا
شمع سمجھا ہے مجھے آگ لگاؤن تجھکو

وله

مرتا ہون اوس نگہہ پہ جو ہو اِس ادا کے ساتھہ — پرسش مین ایک شوخی و شوخی حیا کے ساتھہ
زندانیون مین سلسلہ جنبان ہے پھر جنون — تھی کس کی بوے کاکلِ پیچان صبا کے ساتھہ
سو سود عاد دہر سے ہین ہر ایک وار پر — سو سو اودہر سے وار ہین ہر ہر دعا کے ساتھہ

وله

اِک نظر لڑتے ہی اظہار کیا کیا کیا کچھہ — دو اشارون مین ہوے شوق ادا کیا کیا کچھہ
عہد۔پیمان۔قسم۔قول۔غلط سب تھے غلط — دلفریبی کے لئے کی نہ دغا کیا کیا کچھہ
تو نے کچھہ بھی نہ سُنا سب تھے ترے در کے گرد — نالہ و زاری و فریاد و بُکا کیا کیا کچھہ
آپ کو خاک کیا خاک کو برباد دیا — گوشہ نشین کی ہین دم مشق فنا کیا کیا کچھہ
رشک کے داغ جدا زخم جدائی کے جدا — تو ہی منصف ہو۔ سُہا ہو کے جدا کیا کیا کچھہ

وله

پیوستہ وہان ہے تیر کمانِ ستم کے ساتھہ — کیا دیکھیے سلوک ہون صید حرم کے ساتھہ
شب ہم کو گشت و خون رہا فوجِ غم کے ساتھہ — سو حسرتین شہید ہوئین اپنے دم کے ساتھہ
کون آئے ہے کہ سینہ مین بیدار ہو گئی — صد آرزوے خفتہ صداے قدم کے ساتھہ
لے چشمِ انتظار تو اختر شمار۔ رہ — یہ رات آشنا ہی نہین صبحدم کے ساتھہ
یہ بھی ہے ظلم لوکہ پے جور ناگہان — اول کرے ہے مجھکو وہ خوگر کرم کے ساتھہ
یارب یہ کس کا کوچۂ دلکش ہے جو ادہر — جاتا ہے جی کھچا مرا ہر اک قدم کے ساتھہ
پیچ تجھکو ربط غیر سے کب ہے۔ کہے ہی صاف — رُکتا تری زبان کا جھوٹی قسم کے ساتھہ

وله

کسی کا دل جو ہے لینا تو لیجے چاہ کی راہ — کہ اسمین فائدہ کا فائدہ ہے راہ کی راہ
قریب یار ہے دل سے ولیک کیا حاصل — کہ ہم مین اور ہے دل ہی مین سال و ماہ کی راہ
مجھے وہ دیکھہ سر راہ دیکے دو دشنام — کہے ہے جاؤ کہ تھی یہ بھی اشتباہ کی راہ
دلا ادہر کو نجا دیکھہ ہو نہ سرگردان — کہ پیچ پیچ ہے اوس کاکل سیاہ کی راہ

روش کچھ اور ہے اوسکے بیرسے طریق ہین اور
دلا نظر نہین آتی ہے کچھ نباہ کی راہ

عنان بسوے صنم خانہ عشق کھینچے ہے
وگرنہ خوب تھی حجاج دین پناہ کی راہ

پڑے ہین مست دردیر - مرید آؤ
کہ شیخ بھول گئے راست خانقاہ کی راہ

کسیکی بدرقہ لطف پر ہے چشم اوسکی
جو اختیار ہے **ممنون** نے کی گناہ کی راہ

وله

دل کے یہ داغ ہین اک آگ لگانے والے
جو مرے پہلو مین بیٹھے سو جلانے والے

خواہ بیداد تو کر - خواہ فلک - خواہ یہ دل
ہم بہر شکل ہین اک ظلم اوٹھانے والے

طالع خفتہ نہ بیدار ہوے اپنے کبھی
گویہ نالے تو ہین سوتون کو جگانے والے

باؤن **ممنون** نے نکالے ہین بہت دیکھو تو
ہین بہی اس شہر مین زنجیر بنانے والے

وله

نگاہ و غمزہ سے اوسکی ستم یہ جان پر ہے
کہ تیغ تیغ پہ لگتی سنان سنان پر ہے

نپوچھہ کچھ مری راحت کہ بن ترے کروٹ
گہے ہے دشنہ پہ گہہ تیغ خون چکان پر ہے

جو خون ہو طرز تبسم سے - دیکھہ بیرحمی
خیال بوسہ ہین اوس لب و دہان پر ہے

قسم جنون کے سبکدستون کی آج نہین
یہ بیسر ہن کہ گران جسم ناتوان پر ہے

کہلی نہ حالت **ممنون** ہے کیا یہ دیکھون ہون
کہ ہاتھہ دو دو پہر تک دل طپان پر ہے

وله

غمزہ کو پہر ہین کا دشنین اس دل پاش پاش سے
قطرہ خون ہے دو بد دو دشنہ جان خراش سے

وصل ہین بھی نگاہ شوق نامزہ بیان نہ آسکے
عشوہ کے اہتمام سے غمزہ کی دور باش سے

حسرت و یاس و رنج و غم محنت و غصہ درد و سوز
خانہ دل کو آئے ہین ڈہونڈہ کے سو تلاش سے

نے گل خندہ زن ہون نے بلبل نغمہ سنج ہین — باغِ جہان مین فائدہ کیا مرے بود و باش سے

نام بھی اپنا بیت مین تنگ سماے ممنونؔ✝ اب
خلق یہان تلک بتنگ ہے مرے بود و باش سے

شرارِ آہ مین سینہ سے گل ملے نکلے — فغان گرم سے ہونٹھون پہ آبلے نکلے
وداعِ ہوش کو تھا طرفہ ساتھہ۔ باغ سے صبح — نسیم و نکہت نسرین کے قافلے نکلے
نگاہ ناز و نیاز التماس راز مین تھی — وہان سے عذر ستم یہان سے سو گلے نکلے

کیا مقام مرے سینہ مین۔ جدہر ممنون
ملال و حسرت و حرمان کے قافلے نکلے

ولہ

کہانتک ضبطِ آہ دلخراش اب دمبدم کیجے — رگِ جان کے حوالے تا کجا نیشِ ستم کیجے
دماغ اِس شورِ ہستی کا کہان نازک دماغون کو — مگر اب خوابِ راحت زیرِ دامانِ عدم کیجے
یہ جی مین ہے کسکیے چھیڑتے ہی قیدِ ہستی سے — صدائے نالۂ زنجیر کے مانند رم کیجے
بھری آتی ہے چھاتی یاد مین یارانِ رفتہ کے — یہ دل اور اسقدر صدمے بھلا کس کس کا غم کیجے
جگر جلتا ہی دل ٹھہرکے ہے کچھہ سینہ سُلگتا ہے — جُھکے جاتے ہین یارب ضبط کب تک سوزِ غم کیجے
گرہ ہین حسرتین دلمین بہت شبِ وصل کی تھوڑی — لڑائی ایک سو رکھیے بس اب صلحین بہم کیجے

عبث گھُٹ گھُٹ کے کیون دیتے ہو جی گھلتے ہو کیون ممنون
ادھر اودھر ذرا بہلائیے دل غم کو کم کیجے

✝ اس شعر مین یہ اشارہ ہے کہ اس وزن مین لفظ ممنون نہین سما سکتے بضرورت واو کو گرا دیا اِس طرح صبا نے نون ایک نام مین سے گرا دیا ہے مگر انھون نے اشارہ نہین کیا بہر آیا بہادر جنگ اوس کو خطاب ۱۲

ہوا ہے کیا یہ بہار اللہ اب یہ روز تنہائی — نہ گھٹتا ہے نہ کٹتا ہے نہ ہٹتا ہے نہ ٹلتا ہے

سخن ہر ہر نگہ مین کیا کہون ہون مین کہ وہ کافر — کبھو تو مسکراوے ہے کبھو تیور بدلتا ہے

جو مانگا بوسہ پشت دست جڑ - منہ پر مرے بولا — کسیکی ہے زبان چلتی کسیکا ہاتھ چلتا ہے

ولہ

کرنے نہ پائے نیم تبسم کہ بس چلے — جون غنچہ رنگ گلشن ہستی پہ ہس چلے

ولہ

جگر کے دود سے رنگین نشان آہ کیسے — دل شہید کے غم مین علم سیاہ کیسے

رکے ہے ضبط سے دم آہ سے جگر اپنا — نہ ضبط کرتے ہی بن آئے ہے نہ آہ کیسے

سنا ہے ممنون† امرزگار اوس کا نام

اس آسرے پہ نہ کیا کیا یہان گناہ کیے

قطعہ

اشارت مین جو کہیے ایک حرف مدعا اوس سے — تو کہتا ہے سمجھے کیا مانع عرض زبانی ہے

اگر یہ سنکے دو حرف تمنا لائے لب پر — کہے ہے کسقدر تجھکو دماغ قصہ خوانی ہے

اگر چپ بیٹھیے ناچار تو یہ چھیڑ کی رکھی ہے — کہ ایسی صورت دیوار سے دل پر گرانی ہے

اگر اوٹھ جائے جھنجلا کے مجلس سے تو بلوا کر — برائے مصلحت دو چار دم ٹک مہربانی ہے

جو ہم بھی لگ چلے کچھ دیکھ اوس لطف نمایان کو — تو پھر ہنس ہنس کے غیرون سے کچھ ادای نہانی ہے

خدا کے واسطے اے ہمنشینو غور فرماؤ — سلوک اوسکا ہو جب یہ کچھ بھی لطف زندگانی ہے

نہیں کچھ کام مرجاوے یہ سوچ رہتا ہے — کہ وہ بت تو لب جان بخش سے عیسی ثانی ہے

خدا جانے کہ کر کے زندہ پھر کیا کیا بلا لاوے — غرض نے مرگ ہے اب مصلحت نے زندگانی ہے

† اس شعر مین ممنون کا واو ساکن کر دیا ہے اور یہ مقام وزن مانوس کا یون ہے کہ یہان حرف متحرک ہو لیکن مصنف نے یہان اظہار معرفت عروض کیا ہے کہ ایک زحاف جائز کو استعمال کیا ہے ۱۲

بیطاقتی نے جس جا ہمکو بٹھا دیا ہے / پھر اضطراب دل نے وہان سے اوٹھا دیا ہے

بوئے بدن سے تیرے تہا بوئے گل کو دعوی / غنچون نے چٹکیون مین اوسکو اڑا دیا ہے

وله

تہے سبزہ رہگذر کے یا نقش پا فلک ہم / یون خاک مین جو تو نے ظالم ملا دیا ہے

خوبی یہ ناز اپنے جو کیجئے بجا ہے / مکھڑا خدا نے تمکو اک چاند سا دیا ہے

ممنون ہم قضا کے کچھہ اسقدر نہین ہین
البتہ ایک دل تو درد آشنا دیا ہے

بلبل ہی اس چمن سے نہ کچھہ نوحہ گر گئی / باد سحر بھی آکے دم سرد بھر گئی

کیجے کسے گواہ کہ پنہان نگاہ یار / چپکے سے دل پہ تیغ لگا کر مسکر گئی

وله

عیش کیا ورطۂ ہستی مین کہ یہان شیشہ و جام / بنتے ہی مثل حباب لب جو ٹوٹ گئے

کوئی یون بھی ہے تڑپتا دل مضطر تو دیکھ / سینۂ چاک کے سب تار رفو ٹوٹ گئے

واسوخت کا انتخاب

بن ٹھن کے یہ جانا سوئے اغیار کہانتک / بیہودہ گری کے ترے اطوار کہانتک

ہم بزمی رندان قدح خوار کہان تک / مستی شب و روز سے سرشار کہانتک

ہر روز نئے دوست نئے یار کہانتک / آنکھین طرف تازہ خریدار کہان تک

ہر ایک سے صحبت تجھے ہر رات نئی ہے
دو چار سے ہر روز ملاقات نئی ہے

آشفتگی طرۂ طرار کو دیکھو / اس برہمی کاکل خمدار کو دیکھو

بہکو ہو ہر اک بات مین گفتار کو دیکھو / کہنے مین نہین پاؤن مین رفتار کو دیکھو

کچھہ سرخ ہی ہین نرگسِ میخوار کو دیکھو
کیا کیا کیا ہے لالۂ رخسار کو دیکھو

آنکھون مین نشے۔ مے سے نم آلودہ ہین لب ہی
کیون مستی دوشینہ کی انکار ہین اب بھی

سو چین و شکن پڑ گئے دامان کو تو دیکھو
مسکا ہے ہر اک جا سے گریبان کو تو دیکھو

ہین بال کھُلے زلف پریشان کو تو دیکھو
چھیکی ہے مسی تک لب خندان کو تو دیکھو

کچھہ بند ہین کچھہ وا سرِ مژگان کو تو دیکھو
جاتی ہے جھکی نرگسِ فتان کو تو دیکھو

گر یون نہ نظر آوے تو مین آئینہ لاؤن
لوٹا سا چمن شکل ہے یہ رنگ دکھاؤن

کیون تمکو رہی رات نہ اغیار سے صحبت
کیون صبح تلک تھی نہ بہم یار سے خلوت

کیا مُنہ کی بنی نشۂ سرشار سے رنگت
کیا لب کی ہوی بوسۂ صد بار سے حالت

کی حسن کی کم تمنے اِس اطوار سے عزت
جاؤ کہ نہو دست گنہگار سے جرأت

پہلے تو کرون آپ کے دامان کے ٹکڑے
جھنجلا کے پھر اس اپنے گریبان کے ٹکڑے

انتخاب مرثیہ حکیم میر محمد حسین

باغ حکمت مین یہان ایک گل رعنا تھا
لطف و خوبی سے جہان کا وہ چمن پیرا تھا

صرصرِ مرگ سے افسوس خزان دیدہ ہوا
زینت و زیب جو اِس سات گلستان کا تھا

کون یعنی وہ فلاطون زمان میر حسین ؒ
درد عالم کی دوا لطف و کرم جسکا تھا

کیا ہوا اب کہ میسر درد سے بے پرواہی
اِس سے آگے نہ مرے حال سے بے پروا تھا

کیا لگایا ہے بس اب خنجر بیداد فراق
کینہ اے چرخ ستمگر تجھے مجھسے کیا تھا

آج کیا حال ہے افغان جو نہین ہوتی ضبط
لاف تہا صبر کا طاقت کا بہت دعوی تھا

جا کے اوس شاہ سے میرا کہو کوئی احوال
گوش فریاد غریبان یہ جو رکھتا تھا

حال لشکر سے نہین بیخبری عادت شاہ
کوئی ہم مین سے بہی ہمراہ تجھے لینا تھا

دیکھہ ٹک آ کے مری بیکسی و تنہائی
واہ درماندگی و وابیسی و تنہائی

تھی یہ امید کہ وہ سوے وطن آوے گا
مژدۂ مقدم جان جانب تن آوے گا

تھی یہ امید کہ پھر بہر گرفتار قفس
تحفۂ نکہت نسرین و سمن آوے گا

تھی یہ امید کہ بس عہد خزان کا گزرا
گل پہر اب خندہ زنان سوے چمن آویگا

تھی یہ امید کہ پہر کشتۂ ہجران کے لئے
مژدۂ روح روان سوے بدن آوے گا

تھی یہ امید کہ اوس چارہ گر غم کو دیکھہ
دل کسیے پہر شکوۂ غم تا بدہن آوے گا

تھی یہ امید کہ ہمراہ نسیم سحری
تحفۂ نکہت پیرہن تن آوے گا

مرگ یوسف کا نہ معلوم تہا ہے ہے قسمت
لیکے پیغام کوی سوے وطن آوے گا

تا دم صبح قیامت ہے یہان چشم براہ
کب عنان پہیر کے ہے ادہر وہ شہ عالیجاہ

ہاے محرومی و ناکامی و درد ہجران
حسرت اے حسرت دل حیف ہے نومیدی جان

ہاے وہ ماہ یہان انجمن آرا نہوا
ہاے تنہائی و ہی روز سیاہ ہجران

چہرہ و سینہ ہوا اپنا طپانچون سے سیاہ
کچھہ عجب گل سے یہان رنگ ہے ماتم کا عیان

لب سے لے تا بجگر آگ سی بہڑکی ہے پڑی
تجھسے فریاد ہے اے نالۂ آتش افشان

کس لئے نکلے ہے ہر دم نفسِ آتشبار
ایک آتش کدہ سینہ مین نہین گر پنہان

ہاے کسطرح سے جاوین طرفِ میر حسین
نہ تو رہبر ہے نہ اس راہ مین پاؤن کی نشان

کسطرح کیجیے اب رخت سفر اوسکی طرف
اپنے گریہ سے ہوا راہ مین حایل طوفان

ظلم و بیداد کا طوفان ہے کیا دل پر آہ
ہاے کیا جان پہ ہے ظلم و ستم کا طغیان

ہاے کیا واقعہ ہے کچھہ نہین ممنون معلوم
ایک دل نسیہ ہی صد حسرت و حرمان کا ہجوم

مُصنّف کے بھائی کے قتل کا مرثیہ

میر صادق علیؑ جوان شکیل
ہاے تیری وہ وضعداری ہاے

تو چمن زار تھا سیادت کا
ہوئی زخمون سے لالہ کاری ہاے

وہ شباب و سہی قدی صد حیف
وہ جوانی وہ گلعذاری ہاے

گرد آلودہ ہو وہ روے منیر
یہ مری تیرہ روزگاری ہاے

اپنی دوری مین دیکھہ میرے رنگ
ہاے حالت عجب ہے طاری ہاے

رگ جان و چکیدن خون آہ
سر مژگان و اشکباری ہاے

جگر چاک و صد خلش ہیہات
جان غمناک و بیقراری ہاے

سینہ و صد ہزار ریش و شگاف
دل و صد گونہ داغداری ہاے

کھا کے یہ دو جراحت بیداد
ہاے کی تو نے جان نثاری ہاے

تیری تاریخ بھی ہوئی ہے یہی
اے شہیدِ دو زخم کاری ہاے

۱۲۳۷ھ

ایضاً

مرے جان و جگر صادق علی ہائے — نشان تیرا نہین معلوم افسوس
حریف دشنہ خونخوار ظالم ہُئے — ہوا وہ نازنین حلقوم افسوس
شہادت ہو تجھے زندہ رہون مین — نہ کیون مرجاون مین مغموم افسوس
پیون مین زہر غم تو شربت مرگ — قضا نے یون کیا مقسوم افسوس
تیرے دیدار سے تا صبح محشر — رہون محروم اے مرحوم افسوس
نہ لکھون تہنیت شادی کی تیری — کرون مین مرثیہ مرقوم افسوس
تیری تاریخ اے جان برادر — کرے ہمنون کیا منظوم افسوس
ہر اک سو سے یہ سال شہادت — ندا آتی ہے - اے مظلوم افسوس
۱۲۳۴ھ

رباعیون کا انتخاب

کیا چیز ہی یہ مجلس ارباب نعیم — جا کر جو وہان نہو ہماری تکریم
جنت کی طرف بہی منہ نہ کیجے ہمنون — طوبی سے جو سرو قد نہ کیجین تعظیم

رباعی

ہمنون یہ تو نے دل کا کیا رنگ کیا — جو جملہ صفا تہا اوسے سب زنگ کیا
آئینہ گران سنگ سے آئینہ بنائین — شاباش تجہے - آئینہ کو سنگ کیا

رباعی

ہمنون سفیدی اب تو مو پر آئی — مو پر جو سیاہی تہی سو رو پر آئی
کہولے علم سفید یہ فوج اجل — اے خفتہ نصیب اُٹھ سر راہ پر آئی

تمّت